شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۶۱۹۸۰۰۰ (۹۱-۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۶۱۹۸۸۰۷ (۹۱-۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

سکریٹری کلنٹن کی مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارکباد

واشنگٹن، 2 اگست 2011: امریکی وزیر خارجہ ہلیری کلنٹن نے رمضان المبارک کے موقع پر دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

امریکی محکمۂ خارجہ کے دفتر سے جاری اپنے پیغام میں سکریٹری کلنٹن نے کہا ''میں امریکی عوام کی جانب سے تمام مسلمانوں کو بابرکت رمضان کی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

رمضان خود احتسابی، آپسی میل جول و تعاون اور تجدید نو کا مہینہ ہے۔ امریکی مسلمان ہر روز ہمارے ملک کے لئے بیش بہا خدمات انجام دیتے ہیں اور دنیا بھر کے کروڑوں مسلمان خدمت اور رضا کارانہ جذبات و عمل کے ساتھ اس ماہ کا اہتمام کریں گے۔

ہمارے درجنوں سفارتخانوں کے ساتھ ساتھ میں بھی واشنگٹن میں عید تقریبات کی میزبانی کروں گی جس میں مسلم و غیر مسلم سب ملکر ہماری مشترکہ اقدار، عقیدہ اور سال گزشتہ کی نعمتوں کا اظہار کریں گے۔

امن اور انکساری کے اس ماہ کے دوران میں دنیا بھر کے 1.6 ارب مسلمانوں کے لئے رمضان کریم کی آرزو کرتی ہوں۔''

☆☆☆